09.10.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... نیتیکا تیاگی

Music

☆ دلّی پولیس نے کل جنتر منتر پر مجوزہ احتجاج کی اجازت نہیں دی ہے۔ امن و قانون برقرار رکھنے کی خاطر بھارتیہ ناگرک سُرکشا سنہیتا کی دفعہ 163 نافذ کی گئی ہے۔

☆ کل صبح سویرے چار بجے اور دوپہر دو بجے کے درمیان نئی دلّی اور حضرت نظام الدین ریلوے اسٹیشن پہنچنے والی سبھی Mail اور ایکسپریس ریل گاڑیاں اپنے پہلے اسٹیشن سے ہی منسوخ کردی گئی ہیں۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج شام نئی دلّی میں خواتین اور بچوں کی بہبود کے بارے میں محکمہ جاتی سربراہ میٹنگ کے اختتامی اجلاس میں شرکت کریں گے۔

☆ آل انڈیا NR کانگریس نے پدوچیری میں Thattanchavady اسمبلی سیٹ کا ضمنی چناؤ جیت لیا ہے۔ چار اسمبلی حلقوں اور لوک سبھا کی ایک سیٹ کے ضمنی چناؤ کے ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔

☆ اور کرکٹ میں بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان دوسرا ٹی-ٹوئنٹی میچ آج شام رانچی میں کھیلا جائے گا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے---

Delhi Police CJP Permission Denied

دلّی پولیس نے کل جنتر منتر پر CJP کی طرف سے مجوزہ مظاہرے کی اجازت نہیں دی ہے۔ آج صبح نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے دلّی پولیس کی جوائنٹ کمشنر Nupur Prasad نے کہا کہ جنتر منتر پر مظاہرے یا دیگر پروگرام منعقد کرنے کی اجازت کی درخواستوں کو کم سے کم 10 دن پہلے داخل کیا جانا چاہیئے۔ انھوں نے کہا کہ اِس سے پہلے CJP کو اِس جگہ پر مظاہرہ کرنے کی اجازت دی گئی تھی لیکن وہ مذکورہ رہنما خطوط اور اپنی طرف سے کئے گئے تحریری وعدوں پر عمل کرنے میں ناکام رہی۔

جوائنٹ کمشنر نے کہا کہ اجازت نہ دینے کا فیصلہ پارٹی کی پچھلی ناکامی کے تناظر میں کیا گیا ہے کہ وہ نئی دلّی علاقے میں، پولیس کے رہنما خطوط اور اُس کے اپنے تحریری وعدوں، نیز موجودہ نظم وضبط کی صورتحال عوامی حفاظت اور ٹریفک ضابطوں پر عمل نہ کرسکی۔

S/B Nupur Prasad

انھوں نے مزید کہا کہ فی الحال اِس علاقے میں بھارتیہ ناگرک سُرکشا سنہتا کی دفعہ 163 کے تحت امتناعی احکامات نافذ ہیں، جن کے رُو سے عوامی حفاظت اور امن وقانون برقرار رکھنے کیلئے ضروری بندشیں لاگو ہیں۔

انھوں نے خبردار کیا کہ دلّی پولیس، قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کسی بھی شخص کے خلاف موزوں کارروائی کرے گی۔x

Railway Train Cancel

آج دوپہر دو بجے کے بعد سے، سبھی میل اور ایکسپریس ریل گاڑیاں، جو اپنے پہلے اسٹیشن سے روانہ ہوں گی اور اُنھیں نئی دلّی اور حضرت نظام الدین ریلوے اسٹیشنوں پر، کل صبح، اور دوپہر دو بجے کے درمیان پہنچنا ہے، اُنھیں اُن کے پہلے اسٹیشنوں پر ہی منسوخ کردیا گیا ہے۔

ریلوے کی وزارت نے بتایا کہ یہ فیصلہ اِن دونوں ریلوے اسٹیشنوں کے آس پاس کے علاقوں میں سڑکوں پر شدید امکانی ٹریفک ہجوم کے تناظر میں کیا گیا۔x

PM WCD Summit

وزیر اعظم نریندر مودی آج شام نئی دلّی میں خواتین اور بچوں کی ترقی کے بارے میں محکمہ جاتی سربراہ کانفرنس کے اختتامی جلسے میں شرکت کریں گے۔ یہ دو روزہ کانفرنس کل شروع ہوئی تھی، جس میں سبھی ریاستوں کے سیاسی رہنما اور خواتین اور بچوں کی ترقی سے متعلق افسران شرکت کر رہے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC Saklen Akhtar

محکمہ جاتی سربراہ کانفرنس کے سلسلے میں یہ دوسری کانفرنس ہے، جس کا تصور وزیر اعظم نے، امدادِ باہمی پرمبنی وفاقیت کو مضبوط بنانے، ملک کی ترجیحات کی اجتماعی ذمہ داری کو بڑھاوا دینے اور قریبی مرکز-ریاست شراکتداری کے ذریعے اِس کے نتائج میں تیزی لانے کیلئے پیش کیا تھا۔ اس کانفرنس میں چار اہم موضوعات پر توجہ دی جارہی ہے، جن میں تغذیہ، ابتدائی تعلیم، بچوں کی حفاظت، خواتین کی حفاظت اور اُنھیں بااختیار بنایا جانا شامل ہے۔ اس کانفرنس میں شعبہ جاتی ترجیحات پر بات چیت کرنے، اچھے طور طریقوں سے ایک دوسرے کو واقف کرانے، چیلنجوں سے نمٹنے پر عملدرآمد اور بہتر حکمرانی اور خدمات بہم پہنچانے سے متعلق مقررہ وقت کے اندر اندر کارروائی سے اتفاق کرنے کیلئے مرکز اور ریاستی سرکاروں کے متعلقہ فریقین یکجا ہونگے۔

نیوز ڈیسک سے ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ....

Seva Sankalp Abhiyan Beti Bachao Beti Padhao

مرکزی حکومت نے بچیوں کو رحمِ مادر میں ہی قتل کردیئے جانے کی روک تھام، بچیوں کی حفاظت اور تعلیم کو یقینی بنانے اور لڑکیوں کیلئے برابری کے موقعوں کو فروغ دینے کے مقصد سے 2015 میں 'بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ' مہم شروع کی تھی۔
پچھلی دہائی میں یہ مہم ایک عوامی تحریک بن گئی۔ اِس مہم میں لڑکیوں کے زندہ رہنے، اُن کی حفاظت، تعلیم اور مجموعی ترقی پر توجہ دی گئی ہے۔ اِس مہم کے تحت، اسکولوں میں بچیوں کے داخلے، تعلیم جاری رہنے، محفوظ زچگی اور صفائی ستھرائی کو بھی فروغ دیا گیا ہے۔x

FM Visit To Singapore

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج سنگاپور کے سرکاری دورے پر روانہ ہوئیں۔ اپنے تین روزہ دورے میں وہ سنگاپور کے رہنماؤں، تجارت اور سرمایہ کار برادری کے سینئر ارکان اور عالمی اداروں کے سرمایہ کاروں کے ساتھ بہت سی اعلیٰ سطح کی سرگرمیاں انجام دیں گی۔
اپنے دورے میں محترمہ سیتا رمن سنگاپور کے صدر Tharman Shanmugaratnam اور وزیر اعظم Lawrence Wong سے ملاقات کریں گی۔ وہ سنگاپور کے نائب وزیر اعظم Gan Kim Yong اور وزیر خارجہ ڈاکٹر Vivian بالاکرشنن سے بھی ملاقات کریں گی۔
اِن مذاکرات میں بھارت-سنگاپور جامع دفاعی شراکتداری کے اہم پہلوؤں پر بات چیت کی جائے گی۔x

Rajnath Territorial

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج علاقائی فوج کے یومِ تاسیس کے موقعے پر اِس کے سبھی عہدیداروں، ریٹائرڈ اہلکاروں اور اُن کے کنبوں کو مبارکباد دی ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب سنگھ نے کہا کہ علاقائی فوج ''ناگرک بھی سینک بھی'' کی مثال پیش کرتی ہے، جو غیر معمولی عزائم کے ساتھ ملک کی خدمت کیلئے معمولی شہریوں کے عزم کی عکاس ہے۔ سرحدوں کی حفاظت سے لے کر قدرتی آفات کی صورت میں راحت اور ملک کی تعمیر کے کام تک اِس کے 'شہری سپاہیوں' میں ہمت، خود کو وقف کر دینے اور بے لوث خدمت کی بہترین روایت کو برقرار رکھا ہے۔
انھوں نے ملک کی خدمت کے تئیں اُن کے مصمم ارادے اور ایک محفوظ اور خود انحصار بھارت کے تئیں ان کے گرانقدر تعاون کو سلام پیش کیا۔x

MEA - US

وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ امریکہ کے لیبر محکمے کا کچھ کمپنیوں کیلئے مستقل لیبر سرٹیفکیشن پروگرام PERM سے متعلق فیصلہ، H1B ویزا پروگرام سے مختلف ہے۔ وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ PERM درخواستوں کو معطل کیا جانا، بذات خود موجودہ H1B ویزا یا اِس کے حامل افراد اور اُن پر منحصر افراد کی حیثیت کے جواز کو متاثر نہیں کرتا۔x

Scindia World Post Day

مواصلات کے مرکزی وزیر جیوترآدتیہ سندھیا نے آج ڈاک کے عالمی دن کے موقعے پر سبھی ڈاک سیوکوں کو مبارکباد دی ہے اور ملک کے تئیں اُن کی پُر عزم خدمت کیلئے تشکر کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب سندھیا نے یہ بات دوہرائی ''ڈاک سیوا ہی جن سیوا ہے''۔

وزیر موصوف نے کہا کہ ڈیجیٹل مواصلات کے دور میں انڈیا پوسٹ بھی ڈیجیٹل تبدیلیوں کو اپنا رہا ہے اور عوام کی اُمنگوں کی تکمیل کیلئے بھرپور انداز سے کام کر رہا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ انڈیا پوسٹ، ملک کی مسلسل بے لوث خدمت کررہا ہے۔x

Scindia IMC

مواصلات کے مرکزی وزیر جیوترآدتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ بھارت کے ٹیلی کام اور ڈیجیٹل شعبوں میں پچھلی دہائی کے دوران قابل ذکر تبدیلی آئی ہے اور یہ شعبے عالمی سطح پر نمایاں ہوئے ہیں۔

نئی دلّی میں انڈیا موبائل کانگریس کے دوران ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب سندھیا نے کہا کہ بھارت دنیا میں ایسا پانچواں ملک بھی بن گیا ہے جس نے اپنے طور پر 4G نیٹ ورک تیار کیا ہے۔

انھوں نے کہا کہ ایک گیگا بائٹ ڈیٹا کی لاگت 268 روپئے سے کم ہوکر محض آٹھ روپئے ہوگئی ہے۔ جناب سندھیا نے کہا کہ بھارت کا مقصد اپنے 5G صارفین کی تعداد کو دوگنا کرنا ہے، جو اِس وقت 55 کروڑ ہے اور اِسے 2030 تک ایک ارب کرنا ہے۔

وزیر موصوف نے خاص طور پر کہا کہ 5G نیٹ ورک، پوری دنیا کے مقابلے بھارت میں سب سے تیزی سے اپنایا گیا ہے۔x

MEA - IFS Day

آج بھارت کی خارجی خدمات سے متعلق دن کے موقع پر، وزارت خارجہ نے وکست بھارت کے ویژن اور ملک نیز شہریوں کی خدمات کے تئیں اپنی عہد بستگی کا اعادہ کیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بیرون ملک بھارتی شہریوں کی بہبود کے تحفظ سے لے کر دنیا بھر کے ممالک کے ساتھ دوستی اور اشتراک کو مستحکم کرنے تک وزارت ملک کی خدمت کے تئیں وقف ہے۔x

US- Scientific Award

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھارت نژاد مائیکرو سافٹ کے CEO ستیہ Nadella سمیت امریکہ کے چھ اہم ٹیکنالوجی رہنماؤں کو سائنسی کامیابیوں اور ٹیکنالوجی اختراع کیلئے ملک کے اعلیٰ ترین اعزازات سے نوازا ہے اور ان کی خدمات کو امریکی عالمی قیادت کیلئے کلیدی قرار دیا ہے۔

New Golden Age Summit میں صدر ٹرمپ نے ستیہ Nadella اور Dell ٹیکنالوجیز کے بانی Michael Dell کو 'نیشنل میڈل آف ٹیکنالوجی اینڈ انوویشن' پیش کیا۔ جبکہ ایلون مسک، گوگل کے شریک بانی Sergey Brin، این ویڈیا کے CEO، جینسن Huang اور AMD کی CEO، Lisa Su نے نیشنل میڈل آف سائنس، حاصل کیا ہے۔ اس تقریب میں مصنوعی ذہانت، سیمی کنڈکٹر ٹیکنالوجی، کلاؤڈ کمپیوٹنگ اور خلائی تحقیق سے وابستہ چند باثر ترین شخصیات ایک ساتھ جمع ہوئیں۔×

By-Election Counting Puducherry

پدوچیری میں Thattanchavady آسمبلی حلقہ کیلئے ضمنی انتخاب میں ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی کا عمل مکمل ہوگیا ہے۔ آل انڈیا NR کانگریس کے امیدوار اشوک آنند نے 8 ہزار 482 ووٹوں سے اِس سیٹ پر جیت حاصل کی ہے۔ یہ سیٹ پدوچیری کے وزیر اعلیٰ N Rangasamy نے خالی کی تھی۔ اشوک آنند کو 13 ہزار 358 ووٹ ملے، جبکہ اُن کے قریب ترین حریف انڈین نیشنل کانگریس کے امیدوار E Vinayagam کو 4 ہزار 876 ووٹ ملے۔ Dravida Munnetra Kazhagam کے امیدوار Sethu Selvam دو ہزار 664 ووٹوں کے ساتھ تیسرے مقام پر رہے۔ کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا کے امیدوار A M Saleem کو 310، جبکہ Naam Tamilar Katchi کی امیدوار S Karthikumari کو 172 ووٹ ملے۔×

TN By Polls

تمل ناڈو کے آسمبلی حلقے Madurantakam اور Dharapuram میں ہونے والے ضمنی چناؤ میں حکمراں TVK سبقت بنائے ہوئے ہے۔ Madurantakam میں ووٹوں کی گنتی کے چھٹے دور میں TVK کے امیدوار K Maragatham Kumarvel تیئیس ہزار 884 ووٹوں سے سبقت بنائے ہوئے ہیں، جبکہ DMK، پندرہ ہزار 724 ووٹوں کے ساتھ دوسرے مقام پر ہے۔

Dharapuram حلقہ میں ووٹوں کی گنتی کے 11 ویں دور میں TVK امیدوار Sathyabama، اکتیس ہزار 327 ووٹوں سے آگے ہیں، جبکہ DMK کے امیدوار S Suganya نے پچیس ہزار 841 ووٹ حاصل کیے ہیں۔ AIADMK کے امیدوار K Bhanumathi نے اکیس ہزار 363 ووٹ حاصل کیے ہیں۔×

Cricket-Ind VS WI

مردوں کے کرکٹ میں، بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان پانچ ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ آج رانچی میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے سے شروع ہوگا۔ بھارت افتتاحی مقابلہ جیتنے کے بعد، جس میں کپتان Shreyas ایئر نے سینچری بنائی تھی، سیریز میں ایک-صفر سے آگے ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆